Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۱ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۵ رمضان المبارک ۱۳۵۶ھ مطابق ۲۰ نومبر ۱۹۳۷ء جلد ۵۲

حصہ دویم

احکام اجلاس عالیمرتبت منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲
۲	احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس	۳
۳	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر	،،
۴	حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر	۴
۵	حکم اجلاس عالی مرتبت چیف فنانس منسٹر بہادر	،،
۶	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ	۵-۶
۷	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۷-۸
۸	نقشہ نرخ غلہ اجناس	۹

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس عالیمرتبت جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

۱۳ نومبر ۱۹۳۰ء

حسب تحریر صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر ڈاکٹر [illegible] کی رخصت ایک ماہ من ابتدائے یکم اقابتہ ۳۰ نومبر ۱۹۳۰ء بسلسلہ رخصت سابقہ بوضع نصف تنخواہ حسب تصدیق اکاؤنٹ آفس منظور ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط خاص عالیمرتبت جناب صاحب چیف منسٹر بہادر۔

رخصت

۱۰ نومبر ۱۹۳۰ء

حسب تحریر ایڈیشنل سیشن جج صاحب۔ ذوالفقار حسین پیشکار عدالت ایڈیشنل سیشن ججی کی رخصت رعایتی بیس یوم از یوم استفادہ منظور ہے۔ استحقاق رخصت صیغہ فنانس سے پایا جاتا ہے۔ ایام رخصت میں سید غلام علی اہلمد علاوہ اپنے کام کے پیشکار کا کام انجام دیں گے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط خاص عالیمرتبت جناب صاحب چیف منسٹر بہادر۔

حکم اجلاس عالیمرتبت جناب صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس

تقرر

انجنیر صاحب قوت برقی نے مسمی بابو رام گوپال کلرک بجلی گھر مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کا انتقال ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۷ء کو ہوجانے کی وجہ سے مسمی شیام موہن لال مٹرک پاس باشندہ ودا کا انتخاب کرکے ۱۶ اکتوبر ۳۷ء سے پندرہ روپیہ ماہوار پر امتحاناً تین ماہ کے لئے تقرر کی استدعا کی ہے چونکہ مسمی سلکشن بورڈ اور صیغہ پولیس سے چال چلن وغیرہ کی تصدیق ہوگی لہٰذا حسب استدعا انجنیر صاحب قوت برقی مسمی شیام موہن لال کا تقرر امتحاناً تین ماہ کے واسطے بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار ابتدائی گریڈ پر ۱۶ اکتوبر ۱۹۳۷ء سے بجائے رام گوپال کلرک متوفی منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو ۔ ۱۳ نومبر ۱۹۳۷ء۔

دستخط عالیمرتبت جناب صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس

مصدرہ کاغذات یادداشت انجنیر صاحب روشنی برقی مشتبہ عرضی سید نادر حسین مستری وائر مین ملازم بجلی گھر مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار منقشہ رخصت رعایتی ایکہفتہ بیماری بوجہ علالت از ۱۹ لغایت ۲۵ اکتوبر ۱۹۳۷ء مع تصدیق صاحب فارنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) بابتہ استحقاق رخصت بوضع نصف تنخواہ

حکم

حسب رپورٹ انجنیر صاحب برقی و تصدیق اکاؤنٹ آفس رخصت علالت ایکہفتہ بوضع نصف تنخواہ منظور کیجاتی ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ یکم نومبر ۱۹۳۷ء

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس

حکم اجلاس عالیمرتبت جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

مشتبہ درخواست رخصت منشی محمد رضا خاں پیشکار ریونیو آفس باستدعائے رخصت علالت ۲۳ اکتوبر لغایتہ ۱۰ نومبر ۳۷ء مصدقہ آڈٹ سکشن

حکم

رخصت رعایتی ۱۸ یوم بصورت خاص من ابتدائے ۲۳ اکتوبر ۳۷ء لغایت ۱۰ نومبر ۱۹۳۷ء منظور کی جاتی ہے منشی یحییٰ پیشکار اپیل کام انجام دینگے احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں

۱۱ نومبر ۱۹۳۷ء

دستخط فارم عالیمرتبت جناب ریونیو منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیہ رتبت صاحب ہوم ممبر بہادر

ترقی

بجگہ ۲۰ جولائی ۱۹۳۳ء رضا اسکول میں بھگوت سروپ صاحب بی.پی.سی کا تقرر ۱۲ جولائی ۱۹۳۳ء سے بشاہرہ تیس روپیہ بجائے محمد غیاث خانصاحب منظور ہوا ہے خیال تھا کہ تنخواہ بجٹ میں تیس روپیہ منظور ہوئی ہے۔ اب ہیڈ ماسٹر صاحب رضا اسکول کی رپورٹ سے واضح ہوا کہ بجٹ میں اس جگہ کی تنخواہ چالیس روپیہ منظور ہوئی ہے نیز بھگوت سروپ صاحب سے انٹرویو کے وقت مبلغ چالیس روپیہ ماہوار طے ہوئے تھے اور سال رواں میں دیگر گریجویٹس کو بھی چالیس روپیہ دیئے گئے ہیں لہٰذا مسٹر بھگوت سروپ صاحب بی۔ایس سی کی تنخواہ بالا تقرر سے چالیس روپیہ ماہوار منظور کیجاتی ہے محکمہ فائیننس نے اس تجویز سے اتفاق کرلیا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۱۵ نومبر ۱۹۳۷ء

دستخط عالیہ رتبت صاحب ہوم ممبر بہادر

حکم اجلاس عالیہ رتبت صاحب فائنانس ممبر بہادر

حکم

جب کوئی ملازم کسی دوسرے ملازم کی جگہ آفیشیٹ کرتا ہے صیغہ جات سے ایسے ملازمان کے لئے تحریک عطائے الاونس کارکردگی کیجاتی ہے بعض صیغہ جات سے تعیین رقم الاونس کی صراحت نہیں ہوتی۔ اکثر صیغہ جات سے عموماً پانچواں حصہ تنخواہ کا دلائے جانے کی تحریک ہوتی ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ پانچواں حصہ انتہائی آفشیٹنگ ہے جو بلحاظ نوعیت واہمیت کار مخصوص حالتوں میں سفارش کرنا صیغہ جات سے مناسب ہے ورنہ اگر کام کی ذمہ داری اور اہمیت نسبتاً کم ہے تو عام طور پر اس سے کم رقم کی سفارش کرنا مناسب ہوگا۔ اس لئے ضرورت اس کی ہے کہ افسر صاحبان صیغہ تعیین رقم الاونس فرماکر کاغذات مشورہ فائنانس کیلئے ارسال فرمائیں باقی کارروائی حسب ضابطہ فائنانس ڈیپارٹمنٹ سے عمل میں آئیگی

اہـدا

جملہ عالیہ رتبت ممبر صاحبان بہادر کی خدمت میں تصدیعہ دیا جائے کہ براہ کرم حسب صراحت بالا کارروائی کئے جانے کا انتظام فرمادیا جائے۔ سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۱۵ نومبر ۱۹۳۷ء

دستخط فارعالیہ رتبت صاحب فائنانس ممبر بہادر

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

فہرست مقدمات جن کی پیشی من ابتدا ۲۲ نومبر ۱۹۳۲ء لغایت ۲۸ نومبر ۱۹۳۲ء عدالت عالی کورٹ میں ہوگی۔ بغرض اشاعت گزٹ جلیل سرکاری کو مرسل ہو۔ فقط

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
[illegible]	جمعہ	تعطیل جمعہ	•	•	•
[illegible]	شنبہ	اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	بھجن لال بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم [illegible]	بعد سماعت بحث زیر تجویز
	″	مسٹر جسٹس محمد نثار خان صاحب بہادر	رام جی لال بنام تیج	اپیل دیوانی بدعوی [illegible]	وکلاء فریقین نے مقدمہ پر درخواست پیش کی ہے کہ وہ بوجہ ذکر کے معاملہ حل ابتدائی بحث کیلئے تیار نہیں ہیں مقدمہ کا التوا چاہتے ہیں لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر [illegible] دسمبر ۱۹۳۲ء کو پیش ہو
	″	″	سروری بیگم بنام گنگا سہائے	درخواست اجرائے ڈگری [illegible]	ایضاً بتاریخ ۲۸ نومبر ۱۹۳۲ء پیش ہو۔
	″	″	محمد علی خان وغیرہ بنام فرزند علی خاں ریاست [illegible]	اپیل فوجداری بجرم دفعہ $\frac{۳۵۴}{۳۲۳}$	اپیلانٹ خان کی سزا بجائے جرم دفعہ ۳۵۴ کے زیر دفعہ ۳۲۳ منظور کیجاتی ہے اور وہ بروئے راضی نامہ جرائم دفعات ۳۲۳ و ۳۵۴ سے بری ہو [illegible]
[illegible]	یکشنبہ	اجلاس صاحب چیف جسٹس بہادر	اختر خان قیدی بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم [illegible]	اپیل اختر خان قیدی اپیلانٹ نامنظور ہو۔
	″	مسٹر جسٹس ارشاد حسین خان صاحب بہادر	مساۃ سلطان جہاں بیگم بنام مساۃ حمیدی بیگم	درخواست عذرداری نسبت سامان محروقہ	وکیل عذرداری کی بحث سماعت ہوئی وقت ختم ہو گیا لہذا مقدمہ برائے سماعت بحث وکیل فریق ثانی ۲۰ جنوری ۱۹۳۳ء کو پیش ہو۔
	″	مسٹر جسٹس محمد نثار خان صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام محمود علی وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	بحث وکلاء فریقین سماعت ہوئی مقدمہ بغرض صدور تجویز ۲۱ نومبر کو پیش ہو۔
	″		محمود علی وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم [illegible]	مقدمہ ہذا بغرض سماعت بحث بتاریخ ۲۱ نومبر پیش ہو۔
	″	اجلاس صاحب چیف جسٹس بہادر و مسٹر جسٹس ارشاد حسین خان صاحب بہادر	اسمٰعیل خان وغیرہ بنام بنے خاں	اپیل دیوانی بدعوی ڈگری [illegible]	بہ ترمیم ڈگری عدالت ابتدائی تجویز کیا جاتا ہے کہ شرکت میں صرف مدعی اور مدعا علیہ نمبر ۱- ایک ثلث اور دو ثلث کے شریک ہیں ڈگری حساب فہمی بمقابلہ مدعا علیہم نمبر ۲ و ۳ منسوخ کیجاتی ہے اس لئے کہ شرکت میں مدعی کے حصہ اور مدعا علیہ الف الف ملحقہ گئے ہیں ڈگری حساب فہمی بنام مدعا علیہ ۱ اس ہدایت کے ساتھ صادر کیجاتی ہے کہ مدعا علیہ کاروبار شرکت مذکورہ کا حساب ۱۵ دسمبر ۱۹۳۲ء تک دیگا۔ رقم مدعی و مدعا علیہ ۱ بحصہ صدر ڈگری قطعی تجویز کیجائے گی۔ عدالت ماتحت و عدالت ہذا کا خرچہ مدعا علیہ نمبر ۱ مدعی ادا کریگا

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	کیفیت مقدمہ	نتیجہ
۱۳ / نومبر ۱۹۳۶ء	یکشنبہ	اجلاس عالیجناب جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	بدر سائل بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم ۴۱۰ ت ہ	نگرانی سائل نامنظور ہو
۱۵ / " "	دوشنبہ	" " صاحب چیف جسٹس صاحب بہادر و مسٹر جسٹس ارشاد علی خاں صاحب بہادر	علی احمد عرف [illegible] اپیلانٹ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری [illegible] بجرم [illegible] ۳۰۲ ت [illegible]	اپیلانٹ کے لئے منجانب سرکار وکیل مقرر کیا گیا وکیل آج بحث کے لئے تیار نہیں ہے لہذا مقدمہ ۲۰ / دسمبر کو پیش ہو۔
"	"	"	اکرام اللہ خاں بنام [illegible]	اپیل دیوانی بدعوی زر کرایہ [illegible]	آج دیگر کار سرکار سے فرصت نہیں ملی لہذا مقدمہ ۱۰ / دسمبر ۱۹۳۶ء کو پیش ہو
"	"	"	حبیب اللہ خاں بنام [illegible]	اپیل دیوانی بدعوی زر کرایہ [illegible]	
"	"	" " مسٹر جسٹس ارشاد علی خاں صاحب بہادر	موہن لال بنام [illegible]	اپیل دیوانی بدعوی [illegible]	آج مقدمہ کمشن کی تجویز سے فرصت نہیں ملی لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر بتاریخ [illegible] ۱۹۳۶ء پیش ہو۔
"	"	"	مظفر داد خاں بنام دہنی	اپیل دیوانی بدعوی صحت رقیہ [illegible]	ڈگری ریسپانڈنٹ کو آواز دلائی گئی غیر حاضر ہے وکیل اپیلانٹ [illegible] لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر بتاریخ ۱۰ / دسمبر ۱۹۳۶ء پیش ہو۔
"	"	" " مسٹر جسٹس [illegible] صاحب بہادر	مسماۃ سیتا دیوی بنام صاحبزادہ [illegible]	ابتدائی دیوانی بدعوی [illegible]	درخواست مدعاعلیہ نسبت ضمانت [illegible] نامنظور ہو اور مقدمہ [illegible] ۲۰ / دسمبر پیش ہو۔
"	"	"	علی بہادر اپیلانٹ بنام [illegible]	اپیل دیوانی بدعوی استقرار حق آراضی [illegible]	ڈگری کی نسبت [illegible] منسوخ ہو اور بقیہ ڈگری بحال [illegible] بے نفقہ
۱۶ / نومبر ۱۹۳۶ء	سہ شنبہ	" " صاحب چیف جسٹس صاحب بہادر	سنی لال سائل بنام لطافت علی خاں	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۴۰۶ ت ہ	حسب درخواست وکیل سائل مثل طلب کی جائے اور مقدمہ ملتوی ہو کر بتاریخ ۱۲ / دسمبر پیش ہو۔
"	"	" " مسٹر جسٹس ارشاد علی خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام اکبر ملزم	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت ہ	اکبر ملزم بعدم ثبوت جرم دفعہ ۳۰۲ ت ہ سے بری ہو۔
"	"	"	بابو رام وغیرہ بنام بدری پرشاد	اپیل دیوانی بدعوی استقرار حق [illegible]	آج دیگر کار عدالت سے فرصت نہیں ملی لہذا مقدمہ ۲۰ / دسمبر کو پیش ہو۔
"	"	" " صاحب چیف جسٹس صاحب بہادر و مسٹر جسٹس ارشاد علی خاں صاحب بہادر	صاحبزادہ [illegible] بنام صاحبزادی [illegible] بیگم	اپیل دیوانی بدعوی [illegible] دخل مکان	عدالت ماتحت تنقیح وضع شدہ کی بابت شہادت قلمبند کر کے حسب ضابطہ مثل عدالت ہذا کو جلد واپس کرے۔

حکم اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری دربار

رخصت

۱۳ / ۱۵ نومبر ۱۹۳۶ء

مسودہ رپورٹ ناظر فائنانس آفس مع رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب آڈٹ دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی پندرہ یوم مطلوبہ منشی عبد العلی خاں اہلمد عارضی سررشتہ ریکارڈ فنانس ۲۵ روپیہ از ۹ لغایت ۲۳ نومبر ۱۹۳۶ء بسلسلہ سابقہ بوجہ بگڑنے حالات امبرہ بد مداری منشی شہاب الدین۔

حکم

منشی عبد العلی خاں اہلمد عارضی کی مزید رخصت رعایتی پندرہ یوم ۹ لغایت ۲۳ نومبر ۱۹۳۶ء بد مداری منشی شہاب الدین منظور کیجاتی ہے۔

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری دربار۔

حکم اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری دربار

اعلان

۳ نومبر ۱۹۳۶ء

اجلاس ہمایوں میں ایک اسٹینوگرافر کی ضرورت ہے۔ شرائط حسب ذیل ہیں

(۱) امیدوار باشندہ رامپور ہو۔

(۲) انگریزی و اردو کا شارٹ ہینڈ جانتا ہو (انگریزی کی اسپیڈ کم از کم ساٹھ لفظ فی منٹ ہو)

(۳) امیدوار کسی ریکگنائزڈ یونیورسٹی کا بی اے و بی کام ہو۔

(۴) تنخواہ [illegible] سے [illegible] تک ہوگی۔

(۵) امیدواران کی درخواستیں ۱۰ دسمبر ۱۹۳۶ء تک دفتر ہذا میں پیش کیجائیں۔

اعلان ہذا برائے اندراج گزٹ منیجر صاحب اسٹیٹ پریس کے پاس بھیجا جائے۔ ایک نقل دفتر میں درج کی جائے۔

دستخط صاحب پرائیویٹ سکریٹری دربار۔

حکم اجلاس صاحب چیف میڈیکل آفیسر دربار

الاؤنس

مسودہ یادداشت اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسر صاحب دربارہ منظوری عطائے پندرہ روپیہ ماہوار الاؤنس سواری محبوب اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ویکسی نیشن برائے دورہ علاقہ بغرض جانچ کام ٹیکہ بنا بر سات ماہ از یکم اکتوبر ۱۹۳۶ء تا آخر اپریل ۱۹۳۷ء مع تحریر صاحب فائنانس سکریٹری بہادر مشعر اتفاق رائے و اجرائے الاؤنس منظورشدہ بجٹ۔

حکم

اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ویکسی نیشن کو ۱۵ روپیہ ماہوار سواری الاؤنس برائے سات ماہ یکم اکتوبر ۱۹۳۶ء لغایت ۳۰ اپریل ۱۹۳۷ء بنابر کام ٹیکہ دیا جانا منظور ہے۔ بغرض اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مسلہ۔ ۱۵ نومبر ۱۹۳۶ء

دستخط صاحب چیف میڈیکل آفیسر دربار۔

حکم اجلاس جناب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۷ نومبر ۱۹۳۶ء

مشتبہ رپورٹ ایڈیشنل ناظم صاحب بابت منظوری رخصت رعایتی ۲۵ یوم من ابتدائے ۲۶ اکتوبر لغایت ۱۹ نومبر ۱۹۳۶ء منشی نثار محمد خاں بخشی خانہ کرایہ ناندہ و ترقی امین تحصیل ناندہ مسعودہ آؤٹ سیکشن۔

حکم

منشی نثار محمد خاں بخشی خانہ کرایہ تحصیل ناندہ مشاہرہ دار عہ روپیہ ماہوار کی رخصت رعایتی پچیس یوم من ابتدائے ۲۶ اکتوبر ۱۹۳۶ء لغایت ۱۹ نومبر ۱۹۳۶ء جسکا انکو استحقاق حاصل ہے بوجہ علالت حسب تجویز ایڈیشنل ناظم صاحب بذمہ داری سیاہہ نویس تحصیل ناندہ منظور کیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم ناظم صاحب

تبادلہ

۱۹ نومبر ۱۹۳۶ء

منشی رامچند رسدار کا کام جہاں تک کہ انتظام آراضی کا تعلق ہے دیانتداری سے بہت بعید ہے لہذا منشی رامچند رسدار کا تبادلہ تحصیل شاہ آباد کو بجائے سید فضل القادر کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ سررشتہ صدر سے جاری ہوں۔

دستخط ناظم صاحب۔

نقشہ اجناس ریاست رامپور - بابتہ ہفتہ سوئم ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۱۰۰۱۰ سیر				۱۱ سیر	
نخود خالص		۱۵ سیر				۱۶ سیر	
نخود کہنہ آمیز		۱۹ سیر				۱۷ سیر	
ست		۱۰۱۲ سیر				۱۸ سیر	
ماش		۱۰۰۱۰ سیر				۱۰ سیر	
مونگ		۷ سیر				۹ سیر	
مکا		۱۰۱۵ سیر				۱۷ سیر	
جئی		۰				۳۰ سیر	
کو جئی		۰				۱۷ سیر	
عدس		۱۱ سیر				۱۲ سیر	
ارہر		۱۱ سیر				۱۲	
برنج		۸ سیر ۹ سیر				۹ سیر	
روغن زرد		۱۲ چھٹانک				۱۱ چھٹانک	
روغن سیاہ		۱ سیر				۲ سیر	
روغن کنجد		۱ سیر				۰	
نمک سامبھر		۱۲ ۱۱ سیر				۱۱ ۱۱ سیر	
نمک لاہوری		۶ سیر				۸ سیر	
قند سیاہ		۹ سیر				۸ سیر	
باجرہ		۰					

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور